
© rasailojaraid.com

ادارہ



# تعارف تبصرہ کتب

کتاب: رسول اللہ ﷺ کا طریقہ حج　　　مصنف: مولانا مفتی محمد ارشاد القاسمی

ضخامت: ۷۵۰ صفحات　　　قیمت: ۔/۴۰۰ صفحات

ناشر: زمزم پبلشرز کراچی

حج بیت اللہ شریف ارکان اسلام میں سے ایک اساسی رکن اور اہم فریضہ ہے اللہ تعالیٰ نے اس کو ان لوگوں پر فرض فرمایا ہے جو اس کی ادائیگی کی استطاعت رکھتے ہوں اور یہ ایک ایسی عبادت ہے جو کہ بدنی اور مالی دونوں پر مشتمل ہے۔ بحمد اللہ آج کل مسلمان ہر سال لاکھوں کی تعداد میں اکناف واطراف عالم سے اس فریضہ کی ادائیگی کے لئے حجاز مقدس اور حرمین شریفین تشریف لیجاتے ہیں۔ حج بیت اللہ ہر لحاظ سے یعنی احکام واعمال کے لحاظ سے ایک مشقت طلب امر ہے۔ حج بیت اللہ کیلئے روانگی سے پہلے زائر حرم کے لئے ضروری ہے کہ وہ پہلے اس کے احکام ومسائل اور اعمال سے مکمل طور پر کسی عالم دین یا کسی مستند کتاب سے آگاہی حاصل کرے۔ کیونکہ ایسا نہ ہو کہ کہیں ہماری حاضری حدیث مبارکہ کی رو سے قیامت کی نشانی نہ بن جائے۔ جس کا خلاصہ یہ ہے کہ قرب قیامت میں سیر وسیاحت اور کاروبار کیلئے بھی یہ سفر کیا جائے گا۔

زیر تبصرہ کتاب میں ممتاز محقق عالم اور مفتی مولانا محمد ارشاد صاحب قاسمی نے حج بیت اللہ کے فضائل وترغیب پر آپ ﷺ کے پاکیزہ ارشادات حج کے ۵ ایام کے متعلق مفصل سنن وطریق کا مفصل بیان عورتوں کے حج کے متعلق آپ کے ارشادات تعلیمات اور احکامات عمرہ کے متعلق تفصیل اور سنن واحکامات بعض اہم مسائل پر رسائل حج کی کوتاہیوں کا ذکر اور اس کی اصلاح زیارت مدینہ اور روضہ اقدس کے آداب وغیرہ ذکر ہیں۔ اللہ تعالیٰ مفتی صاحب کو جزائے خیر سے نوازیں کہ انہوں نے اس قدر تفصیل کے ساتھ انتہائی عرق ریزی سے یہ کتاب عامۃ المسلمین کی اصلاح ونفع کے لئے ترتیب دی۔ کتاب انتہائی خوبصورت جلد اور معاری کاغذ پر مبنی ہے۔ ہر حاجی کے لئے اس کا مطالعہ اور اس کا ساتھ لے جانا ضروری ہے کہ یہ معلومات اور مسائل کا ایک خزانہ ہے۔

---

© rasailojaraid.com